## پشاور کے علاقے صدر میں بم دھماکے پر الطاف حسین کا اظہار مذمت

## دھماکے میں متعدد افراد کی شہادت اور زخمی ہونے پر اظہار افسوس

لندن۔۔۔19، جنوری 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پشاور کے علاقے صدر میں بم دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور دھماکے میں متعدد افراد کی شہادت اور زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ دہشت گردی اور بم دھماکوں کے ذریعے آئے روز خیبر پختونخواہ کے معصوم عوام کو خاک وخون میں نہلایا جارہا ہے اور جو سفاک دہشت گرد معصوم و بے گناہ لوگوں کی جان و مال سے کھیل رہے ہیں وہ ملک وقوم کے کھلے دشمن ہیں۔انہوں نے بم دھماکے میں شہید ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے ،لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے اور زخمیوں کو جلد و مکمل صحت یابی عطا فرمائے ۔ جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ پشاور کے علاقے صدر میں بم دھماکے کا سختی سے نوٹس لیا جائے ، ریموٹ کنٹرول بم دھماکے میں ملوث دہشت گردوں کے خلاف ٹھوس اور سخت نوعیت کے اقدامات عمل میں لائے جائیں،عوام کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے اور بم دھماکوں کی مذموم کارروائیوں میں ملوث سفاک دہشت گردوں اور ان کے سرپرستوں کو گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دی جائے۔

## ممتاز اور بزرگ شاعر راغب مراد آبادی کے انتقال پر ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین کا اظہار تعزیت

## راغب مراد آبادی کے انتقال سے پاکستان ایک ممتاز شاعر سے محروم ہوگیا ہے۔الطاف حسین

لندن۔۔۔ 19 جنوری 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ممتاز اور بزرگ شاعر راغب مراد آبادی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ راغب مراد آبادی نے اپنی منفرد شاعری کے ذریعے سماجی مسائل اور محروم عوام کے ساتھ ہونیوالی زیادتیوں کو جس خوبصورتی کے ساتھ بیان کیا وہ اپنی مثال آپ ہے۔راغب مراد آبادی کے انتقال سے پاکستان ایک ممتاز شاعر سے محروم ہوگیا ہے۔ جناب الطاف حسین نے راغب مراد آبادی مرحوم کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ راغب مراد آبادی مرحوم کی مغفرت فرمائے ،انہیں جنت الفردوس میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

## ایم کیوایم اورنگی سیکٹر، پی آئی بی سیکٹر کے کارکنان اور ایف ایف سی کے رکن کے والد کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن:۔۔۔19 جنوری،2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم اورنگی سیکٹر یونٹ 124 کے کارکن محمد علی، ایم کیوایم پی آئی بی سیکٹر یونٹ 56 کے کارکن سیّد منتظر مہدی رضوی اور ایم کیوایم کے شعبہ ایف ایف سی کے رکن احمد اعظم کے والد عبدالمجید کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## نوازشریف صاحب کراچی کی صورتحال پر بیجا تنقید کرنے کے بجائے پنجاب میں امن وامان کی صورتحال کو بہتر بنانے پر توجہ دیں جہاں امن وامان کی صورتحال انتہائی خراب ہوچکی ہے۔ڈاکٹر فاروق ستار

## آج کراچی کے جن زخموں سے خون رس رہا ہے وہ زخم نوازشریف کے دورحکومت میں شروع کئے جانیوالے آپریشن کے دیئے ہوئے ہیں

## مسلم لیگ ن کے قائدین تمام تر قومی معاملات چھوڑ کر ایم کیوایم کو جس طرح بیجا تنقید کا نشانہ بنارہے ہیں اس کا بنیادی سبب یہ ہے کہ وہ پنجاب میں ایم کیوایم کی تیزی سے بڑھتی ہوئی مقبولیت سے شدید بوکھلاہٹ کا شکار ہیں

## انشاء اللہ پنجاب میں ایم کیوایم کا تنظیمی وسیاسی کام پہلے سے زیادہ تیزی سے ہوگا اور ہم جلد ہی پنجاب میں اپنے بڑا مرکز قائم کرینگے

## پنجاب کے عوام مسلم لیگ کی صوبائی حکومت سے بیزار آچکے ہیں اور آئندہ انتخابات میں پنجاب میں مسلم لیگ ن کی حکومت نہیں بن سکے گی

## قوم ان چہروں سے اچھی طرح واقف ہے جنہوں نے ملک کی دولت کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا اور جو آج ملک کی معاشی واقتصادی بدحالی کے ذمہ دار ہیں

کراچی۔۔۔19 جنوری 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز اور قومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر ڈاکٹر فاروق ستار نے کراچی کی صورتحال کے بارے میں مسلم لیگ ن کے سربراہ میاں نوازشریف کے بیان پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ نوازشریف صاحب کراچی کی صورتحال اور ایم کیوایم اور پیپلزپارٹی پر بیجا تنقید کرنے کے بجائے پنجاب کی صورتحال کو بہتر بنانے پر توجہ دیں جہاں امن وامان کی صورتحال انتہائی خراب ہوچکی ہے، جرائم میں کئی سوگنا اضافہ ہوگیا ہے اور جہاں دہشت گردی اور جرائم کی مختلف وارداتوں میں روزانہ درجنوں معصوم وبے گناہ شہری جاں بحق ہورہے ہیں۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ آج کراچی کے جن زخموں سے خون رس رہا ہے وہ زخم میاں نوازشریف کے دورحکومت میں شروع کئے جانیوالے ریاستی آپریشن کے دیئے ہوئے ہیں۔1992ء میں کراچی میں امن وامان کی صورتحال بہت بہتر تھی لیکن میاں نوازشریف کی حکومت نے 72 بڑی مچھلیوں کے خلاف کارروائی کے نام پر اس وقت بھی سندھ میں فوج کشی اسی لئے کی تھی کہ پنجاب سمیت ملک بھر میں ایم کیوایم کو پھیلنے سے روکا جائے اور آج بھی مسلم لیگ ن کے قائدین تمام تر قومی معاملات چھوڑ کر ایم کیوایم کو جس طرح بیجا تنقید کا نشانہ بنارہے ہیں اس کا بنیادی سبب یہ ہے کہ پنجاب میں ایم کیوایم کی تیزی سے بڑھتی ہوئی مقبولیت سے مسلم لیگ ن کی قیادت شدید بوکھلاہٹ کا شکار ہے اور انہیں اچھی طرح معلوم ہے کہ پنجاب کے عوام ان کی صوبائی حکومت سے بیزار آچکے ہیں اور آئندہ انتخابات میں پنجاب میں مسلم لیگ ن کی حکومت نہیں بن سکے گی لہٰذا وہ پنجاب میں ایک بار پھر ایم کیوایم کا راستہ روکنے کی کوششیں کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اب چاہیے کیسا ہی ہتھکنڈہ اختیار کرلیا جائے نہ تو اب ایم کیوایم کا راستہ روکا جاسکتا ہے اور نہ ہی پنجاب کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کو بیوقوف بنایا جاسکتا ہے، انشاء اللہ پنجاب میں ایم کیوایم کا سیاسی کام پہلے سے زیادہ تیزی سے ہوگا اور ہم جلد ہی پنجاب میں اپنے بڑا مرکز بھی قائم کریں گے۔انہوں نے کہا کہ قوم ان چہروں سے اچھی طرح واقف ہے جنہوں نے اربوں کھربوں روپے کے قرضے لیکر معاف کرائے اور ملک کی دولت کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا اور جو آج ملک کی معاشی واقتصادی بدحالی کے ذمہ دار ہیں۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ میاں نوازشریف آج کراچی میں پولیس میں بھرتی پر تنقید کررہے ہیں مگر حقائق تو یہ ہیں کہ خود نوازشریف کے دور میں 24 ہزار پولیس اہلکار براہ راست بھرتی کئے گئے جن میں سے 7 ہزار صرف میاں نوازشریف اور انکے بھائیوں کے حلقے سے بھرتی کئے گئے اور آج بھی ان کی حکومت کے دور میں پنجاب میں میرٹ کی دھجیاں اڑائی جارہی ہیں۔

## کاکڑ قبیلے، اچکزئی قبیلے اور بازئی قبیلے کے سردار عنایت اللہ واصفی کی سربراہی میں نمائندہ وفد نے رابطہ کمیٹی کے رکن یوسف شاہوانی سے ملاقات کی

کراچی۔۔۔19 جنوری 2011ء

کاکڑ قبیلے، اچکزئی قبیلے اور بازئی قبیلے کے سردار عنایت اللہ واصفی کی سربراہی میں نمائندہ وفد نے گزشتہ خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد کا دورہ کیا اور ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن یوسف شاہوانی سے ملاقات کی۔اس موقع پر حق پرست صوبائی وزیر نثار احمد پنہور اور ایم کیوایم متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔ملاقات میں موجودہ ملکی سیاسی، معاشی واقتصادی صورتحال بات چیت ہوئی۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن یوسف شاہونی نے وفد سے تبادلہ خیال کرتے ہوئے کہا کہ یم کیوایم امن پسند اور اعتدال پسند جماعت ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین واحد لیڈر ہیں جو ملک میں جمہوریت کے استحکام کیلئے اپنا عملی کردار ادا کررہے ہے لیکن بعض عناصر ایم کیوایم کی بڑھتی ہوئی مقبولیت سے خوفزدہ ہوکر ایم کیوایم پر بلاجواز الزام تراشیاں اور الزامات عائد کرکے اسے ملک دشمن جماعت کا تاثر دینا چاہتے ہیں جو کہ قطعی طور پر غلط ہے۔اس دوران وفد نے رابطہ کمیٹی کے رکن یوسف سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ملک میں جمہوریت کیلئے ایم کیوایم کا کردار انتہائی اہم ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین واحد رہنما ہیں جو ملک کی بقاء وسلامتی کیلئے اپنا عملی کردار ادا کررہے ہے۔اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن یوسف شاہوانی وفد کی نائن زیرو آمد کا خیر مقدم کیا اور ان سے دلی تشکر کا اظہار کیا۔

## عوامی نیشنل پارٹی کے بڑے خاندانوں کی اقتدار اور قیادت کیلئے لڑائی خیبر پختونخواہ اور پشاور کو تباہ و برباد کردے گی، ارکان سندھ اسمبلی

## پشاور میں اسکولوں، مساجد اور بازاروں میں ہونے والے ریموٹ کنٹرول بم دھماکوں میں طالبان سے

## زیادہ عوامی نیشنل پارٹی کی قیادت کے مسئلہ پر ہونے والے اختلافات کا بڑا عمل دخل ہے

## اے این پی کراچی کے حالات پر مگرمچھ کے آنسو نہ بہائے اور پشاور کی فکر کرے

کراچی۔۔۔19، جنوری 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے کہا ہے کہ عوامی نیشنل پارٹی کے جن بڑے خاندانوں کے درمیان اقتدار اور قیادت کی لڑائی چل رہی ہے اسے فی الفور ختم کیا جائے ورنہ ان کی آپس کی لڑائی پورے خیبر پختونخواہ بالخصوص پشاور کو تباہ و برباد کردے گی ۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخواہ اور بالخصوص پشاور کے اسکولوں، مساجد اور بازاروں میں جو دھماکے ہو رہے ہیں وہ منظم منصوبہ بندی کے ذریعے ریموٹ کنٹرول کے ذریعے کئے جا رہے ہیں اور ان دھماکوں میں طالبان سے زیادہ عوامی نیشنل پارٹی کی قیادت کے مسئلہ پر ہونے والے اختلافات کا بڑا عمل دخل ہے لہٰذا عوامی نیشنل پارٹی پہلے اپنے اختلافات ختم کرے اور متحد ہو کر خیبر پختونخواہ کے عوام اور اسکولوں کے بچوں کی جان بچانے کیلئے کوشش کریں اور پھر دوسروں پر انگلیاں اٹھائیں ۔انہوں نے کہا کہ عوامی نیشنل پارٹی خیبر پختونخواہ اور پشاور کی فکر کرے جہاں اس کی حکومت قائم ہے اور کراچی کی فکر کرنا چھوڑ دیں، کراچی کے مسائل کو کراچی والوں پر چھوڑ دیں وہ اپنے مسائل خود حل کرلینگے ۔انہوں نے کہا کہ عوامی نیشنل پارٹی کراچی کے حالات پر مگرمچھ کے آنسو نہ بہائے بلکہ پشاور میں روز بم دھماکوں اور دہشت گردی کی کارروائیوں میں مرنے والے افراد کو بچانے کی فکر کرے اور انہیں مشکل سے باہر نکالیں ۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کو خیبر پختونخواہ اور پشاور کے عوام کے جانی و مالی نقصان پر صدمہ ہے اور چاہتی ہے کہ عوامی نیشنل پارٹی خیبر پختونخواہ کے عوام کا جو مینڈیٹ لیکر آئی ہے اس پر پورا اترے اور عوام کی جان و مال کے تحفظ کیلئے عملی اقدامات بروئے کار لائے اور اپنے اختلافات کو ختم کرکے خیبر پختونخواہ کو امن کا صوبہ بنائے اور یہاں کے عوام کو دہشت گردی سے نجات دلا کر ریلیف فراہم کرے۔

## قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر حق پرست صوبائی وزراء زبیر احمد، غلام حیدر راہو اراکین اسمبلی طیب حسین، اکرم عادل نے

## شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کے عرس کے موقع پر مزار پر حاضری دی، چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی

بھٹ شاہ:۔۔۔19 جنوری، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر حق پرست صوبائی وزراء زبیر احمد، غلام حیدر راہو اراکین اسمبلی طیب حسین، اکرم عادل نے شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کے عرس کے موقع پر مزار پر حاضری دی، چادر چڑھائی اور فاتحہ خوانی کی ۔اس موقع پر حیدرآباد زونل کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔علاوہ ازیں انہوں نے شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کے عرس کے موقع پر ایم کیو ایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت قائم میڈیکل کیمپ کا دورہ کیا اور عرس کے سلسلے میں شاہ عبداللطیف بھٹائیؒ کے عقیدت مندوں اور سندھ بھر سے آئے ہوئے ہزاروں زائرین کو مفت طبی سہولیات کی فراہمی کا جائزہ لیا۔ بعد ازاں انہوں نے ملک کی بقاء و سلامتی، تحریک کے مشن و مقصد کی کامیابی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر صحت و تندرستی کیلئے خصوصی دعا بھی کیں ۔

## اسلحہٗ سے پاک معاشرے کا بل قوم کیلئے خوش آئند ہے، ایم کیو ایم شعبہ خواتین

کراچی:۔۔۔19 جنوری، 2011ء

ایم کیو ایم شعبہ خواتین کی انچارج و اراکین نے حق پرست اراکین قومی اسمبلی کی جانب سے قومی اسمبلی میں اسلحہٗ سے پاک معاشرے کا بل جمع کرانے کے اقدام کو قوم کیلئے خوش آئند قرار دیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں شعبہ خواتین نے کہا ہے کہ اسلحہٗ سے پاک معاشرہ 2011ء کا بل متحدہ قومی موومنٹ نے قومی اسمبلی میں جمع کرا کر ملک بھر میں جو امن کا پیغام عام کیا اس نے پوری قوم کا سر فخر سے بلند کردیا ہے۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ دنوں ملک بھر میں کئے جانیوالے سروے کے مطابق 98 فیصد عوام نے اس کی تائید کی ہے اور اس پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کیلئے ان میں کافی جوش و خروش پایا جاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ 98 فیصد عوام مثبت سوچ و فکر رکھنے والے ہیں جو حب الوطنی کے جذبے کے تحت ملک میں دہشت گردی قتل و غارت گری جیسے واقعات کو ملک کیلئے ناقابل تلافی نقصان سمجھتے ہیں اور اس بل کی حمایت کر رہے ہیں جبکہ 2 فیصد عناصر ایسے بھی ہیں جو اسلحہٗ سے پاک معاشرے کی حمایت نہیں کر رہے یقیناً یہ وہ طبقہ ہے جو ملک بھر میں دہشت گردی کو فروغ دینا چاہتا ہے، یہ وہ عناصر ہیں جو منفی سوچ کے مالک ہیں اور اپنے اسلحہٗ کے زور پر ان تمام گھناؤنے عزائم کو جاری رکھنا چاہتا ہے جس میں اسلحہٗ کی ترسیل سے لیکر مختلف قسم کی اسمگلنگ، منشیات کا کاروبار اور تعلیم یافتہ لوگوں کا قتل شامل ہے۔

## لاہور ایجوکیشن یونیورسٹی میں طلبہ وطالبات کی جانب سے نکالی جانے والی احتجاجی ریلی پر پولیس کے بہیمانہ تشدد کا نوٹس لیا جائے، ارکان قومی اسمبلی

## پنجاب جرائم کی آماجگاہ بن چکا ہے، پنجاب حکومت خاموش تماشائی کا کردار ادا کررہی ہے

کراچی۔۔۔19، جنوری 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے لاہور ایجوکیشن یونیورسٹی میں طلبہ وطالبات کی جانب سے نکالی جانے والی احتجاجی ریلی پر پولیس کے بہیمانہ تشدد کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور تشدد سے ایکسپریس نیوز کے رپورٹر اور کیمرہ مین سمیت متعدد طلباء کے زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ صوبہ پنجاب کے عوام اور زندگی کے تمام شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کو بنیادی حقوق سے محروم رکھا جارہا ہے جبکہ پنجاب کے مختلف شہروں اور گاؤں میں جرائم، تشدد، زیادتی، ناانصافی کے واقعات ملک بھر کے عوام کیلئے لمحہ فکریہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز طلباء اور صحافیوں پر تشدد کے علاوہ پنجاب میں ظلم وزیادتی کے واقعات تسلسل کے ساتھ رونما ہورہے ہیں، خانیوال میں تیسری بیٹی ہونے پر خاوند نے بیوی پر تشدد کرکے گھر سے نکال دیا، ٹوبہ ٹیک سنگھ میں 2 گروپوں میں فائرنگ کے نتیجے میں دو افراد ہلاک ہوگئے جبکہ اسی طرح ٹوبہ ٹیک سنگھ میں ہی خاوند نے 2 بچوں کی ماں حاملہ بیوی کو بیدردی سے مار ڈالا۔ انہوں نے کہا کہ صوبہ پنجاب جرائم کی آماجگاہ بن چکا ہے اور حکومت پنجاب خاموش تماشائی کا کردار ادا کررہی ہے اور ایسا محسوس ہوتا ہے کہ جرائم پیشہ اور بااثر افراد کو حکومت پنجاب کی سرپرستی حاصل ہے یہی وجہ ہے کہ آئے روز جرائم، تشدد، زیادتی اور ناانصافی کے واقعات رونما ہورہے ہیں اور مجرمان کے خلاف کسی قسم کی کارروائی عمل میں نہیں لائی جارہی ہے جس کے باعث پنجاب کے مظلوم عوام مایوسی کا شکار ہوچکے ہیں۔ حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ لاہور ایجوکیشن یونیورسٹی کے طلباء اور صحافیوں پر پولیس کے بہیمانہ تشدد کا نوٹس لیا جائے، پنجاب میں بڑھتے ہوئے جرائم، تشدد، زیادتی اور ناانصافی کے واقعات میں ملوث عناصر کا محاسبہ کیا جائے اور ان کے خلاف سخت ترین کارروائی عمل میں لائی جائے۔

## لاہور میں یونیورسٹی آف ایجوکیشن کے طلبہ وطالبات پر پنجاب پولیس کے بہیمانہ تشدد پر ایم کیو ایم کے ارکان قومی اسمبلی ڈاکٹر ندیم احسان اور سفیان یوسف کا اظہار مذمت

## مسلم لیگ ن کی حکومت نے پنجاب کو پولیس اسٹیٹ بنادیا ہے۔ ڈاکٹر ندیم احسان اور سفیان یوسف

## یونیورسٹی آف ایجوکیشن کے طلبہ وطالبات پر تشدد اور گرفتاریوں کا سلسلہ بند کیا جائے، گرفتار شدہ طلبہ وطالبات کو رہا کیا جائے

## یونیورسٹی آف ایجوکیشن کے برطرف اساتذہ ڈاکٹر انوار پاشا اور انکی اہلیہ ڈاکٹر شاہین پاشا کو فی الفور بحال کیا جائے

کراچی۔۔۔19 جنوری 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے ارکان قومی اسمبلی ڈاکٹر ندیم احسان اور سفیان یوسف نے لاہور میں یونیورسٹی آف ایجوکیشن کے طلبہ وطالبات پر پنجاب پولیس کے بہیمانہ تشدد کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ مسلم لیگ ن کی حکومت نے پنجاب کو پولیس اسٹیٹ بنادیا ہے۔ اپنے ایک مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ یونیورسٹی آف ایجوکیشن کے طلبہ وطالبات گزشتہ دو روز سے یونیورسٹی کے اساتذہ کی برطرفی کے خلاف پرامن احتجاج کررہے ہیں لیکن مسلم لیگ ن کی حکومت طلبہ وطالبات کی آواز پر کان دھرنے کے بجائے ان کے پرامن احتجاج کو پولیس کی طاقت کے ذریعے کچلنے کی کوششیں کررہی ہے، معصوم طلبہ وطالبات پر بہیمانہ تشدد کیا جارہا ہے اور انہیں گرفتار کیا جارہا ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ ارکان قومی اسمبلی نے مطالبہ کیا کہ یونیورسٹی آف ایجوکیشن کے طلبہ وطالبات پر تشدد اور گرفتاریوں کا سلسلہ بند کیا جائے، گرفتار شدہ طلبہ وطالبات کو رہا کیا جائے اور یونیورسٹی کے برطرف اساتذہ ڈاکٹر انوار پاشا اور انکی اہلیہ ڈاکٹر شاہین پاشا کو فی الفور بحال کیا جائے۔ ڈاکٹر ندیم احسان اور سفیان یوسف نے پولیس تشدد کا نشانہ بننے والے طلبہ وطالبات سے دلی ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کیا۔

## ایم کیوایم کی علمائے کمیٹی کے انچارج ودیگر نے پروفیسر محمود حسین صدیقی کی رہائش گاہ جاکرانکی عیادت کی اور قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے پھولوں کا گلدستہ پیش کیا اور انکی خیریت دریافت کی

کراچی:۔۔۔19 جنوری، 2011ء

ایم کیوایم کی علمائے کمیٹی کے انچارج جاوید احمد نے پروفیسر محمود حسین صدیقی کی رہائش گاہ جاکرانکی عیادت کی اور قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے پھولوں کا گلدستہ پیش کیا اور انکی خیریت دریافت کی۔اس موقع پر ایم کیوایم کی علماء کمیٹی کے دیگر اراکین بھی موجود تھے۔انہوں نے پروفیسر محمود حسین صدیقی کی جلد مکمل صحتیابی کیلئے دعا بھی کی۔ بعدازاں پروفیسر محمود حسین صدیقی نے انکی خیریت دریافت کرنے پر ایم کیوایم کی علماء کمیٹی کے ارکان اور قائدتحریک جناب الطاف حسین کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی:۔۔۔19 جنوری، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم اورنگی سیکٹر یونٹ 124 کے کارکن محمد علی، پی آئی بی سیکٹر یونٹ 56 کے کارکن سیّد منتظر مہدی رضوی، ایم کیوایم شعبہ ایف ایف سی کے رکن احمد اعظم کے والد عبدالمجید، فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 146 کے کارکن طارق شیخ کے بڑے بھائی شیخ محمد زبیر، پاک کالونی سیکٹر یونٹ 194 کے کارکن کلیم الدین کی والدہ محترمہ زبیدہ خاتون، ملیر سیکٹر یونٹ 101 کے کارکن شاہ زیب کے والد شیخ اختر قریشی، لانڈھی سیکٹر یونٹ 81 کے کارکن عبدالرحیم کی والدہ محترمہ حمیدہ بیگم، حیدرآباد زون سیکٹر قاسم آباد یونٹ یوسی ون کے کارکن امتیاز علی میمن کی والدہ محترمہ بی بی روشن نساء اور ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 179 کے کارکن اور سابق حق پرست نائب ناظم نارتھ آباد احسن اللہ خان کی والدہ محترمہ نور فاطمہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوارن کو صبر جمیل عطا فرمائے۔(آمین)

☆☆☆☆☆